# प्रश्न–पत्र की योजना 2024–2025

कक्षा – 10th
विषय –उर्दू (तृतीय भाषा)(72)
अवधि –3 घण्टे 15 मिनट पूर्णांक–80

1. उद्देश्य हेतु अंकभार–

| क्र.सं. | उद्देश्य | अंकभार | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1. | ज्ञान | 26 | 32.50 |
| 2. | अवबोध | 23 | 28.75 |
| 3. | ज्ञानोपयोग | 15 | 18.75 |
| 4. | कौशल | 8 | 10.00 |
| 5. | विश्लेषण | 8 | 10.00 |
| | योग | 80 | 100% |

2. प्रश्नों के प्रकारवार अंकभार–

| क्र.सं. | प्रश्नों का प्रकार | प्रश्नों की संख्या | अंक प्रतिप्रश्न | कुल अंक | प्रतिशत (अंको का) | प्रतिशत (प्रश्नों का) | संभावित समय |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | बहुविकल्पात्मक | 18 | 1 | 18 | 22.50 | 33.96 | 27 |
| 2. | रिक्त स्थान | 6 | 1 | 6 | 7.50 | 11.32 | 10 |
| 3. | अतिलघुत्तरात्मक | 12 | 1 | 12 | 15.00 | 22.64 | 18 |
| 4. | लघुत्तरात्मक | 10 | 2 | 20 | 25.00 | 18.87 | 40 |
| 5. | दीर्घउत्तरीय | 4 | 3 | 12 | 15.00 | 7.55 | 48 |
| 6. | निबंधात्मक | 3 | 4 | 12 | 15.00 | 5.66 | 52 |
| | योग | 53 | — | 80 | 100% | 100% | 195 मिनट |

विकल्प योजना : खण्ड 'स' एवं 'द' में हैं

3. विषय वस्तु का अंकभार–

| क्र.सं. | विषय वस्तु | अंकभार | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1 | ग़ैर दर्सी इक़्तिबास | 8 | 10 |
| 2 | मज़मून, ख़त / दरख़्वास्त | 8 | 10 |
| 3 | क़वाइद | 16 | 20 |
| 4 | जान पहचान (हिस्सा–ए–नस्र) | 24 | 30 |
| 5 | जान पहचान (हिस्सा–ए–नज़्म) | 24 | 30 |
| | योग | 80 | 100% |

BSER

# प्रश्न–पत्र ब्ल्यूप्रिन्ट 2024–2025

कक्षा –10 | विषय :–उर्दू (तृतीय भाषा) 72 | समय 3 घण्टे 15 मिनट | पूर्णांक–80

| क्र.सं. | उद्देश्य इकाई / उपइकाई | ज्ञान | | | | | | अवबोध | | | | | | ज्ञानोपयोग | | | | | | कौशल | | | | | | विश्लेषण | | | | | | योग |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | बहुविकल्पात्मक | रिक्तस्थान | अतिलघुउत्तरात्मक | लघुउत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | बहुविकल्पात्मक | रिक्तस्थान | अतिलघुउत्तरात्मक | लघुउत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | बहुविकल्पात्मक | रिक्तस्थान | अतिलघुउत्तरात्मक | लघुउत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | बहुविकल्पात्मक | रिक्तस्थान | अतिलघुउत्तरात्मक | लघुउत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | बहुविकल्पात्मक | रिक्तस्थान | अतिलघुउत्तरात्मक | लघुउत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | |
| 1 | ग़ैर दर्सी इक़्तिबास | | | | 2(2) | | | | | | 2(2) | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 8(4) |
| 2 | मज़मून, ख़त / दरख़्वास्त | | | | | | | | | | | | | | | | | | 4(1) | | | | | | 4(1) | | | | | | | 8(2) |
| 3 | क़वाइद | | | | 2(2) | | | | | | 2(2) | | | | | | 2(2) | | | 1(2) | | 1(2) | | | | | | | | | | 16(10) |
| 4 | जान पहचान (हिस्सा–ए–नस्र) | 1(4) | 1(2) | 1(2) | | | | 1(4) | 1(1) | 1(2) | | | | 1(1) | | | | 3(1) | | | | | | | | | | 1(2) | | 3(1) | | 24 (20) |
| 5 | जान पहचान (हिस्सा–ए–नज़्म) | 1(4) | | 1(2) | | | 4(1) | 1(3) | 1(3) | 1(2) | | | | | | | | 3(1) | | | | | | | | | | | | 3(1) | | 24(17) |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | योग | 8(8) | 2(2) | 4(4) | 8(4) | - | 4(1) | 7(7) | 4(4) | 4(4) | 8(4) | - | - | 1(1) | - | - | 4(2) | 6(2) | 4(1) | 2(2) | - | 2(2) | - | - | 4(1) | - | - | 2(2) | - | 6(2) | - | |
| | सर्वयोग | 26(19) | | | | | | 23(19) | | | | | | 15(6) | | | | | | 8(5) | | | | | | 8(4) | | | | | | 80(53) |

विकल्पों की योजना :– खण्ड 'स' एवं 'द' में प्रत्येक में एक आंतरिक विकल्प है नोटः–कोष्ठक के बाहर की संख्या 'अंकों' की तथा अंदर की संख्या 'प्रश्नों' के द्योतक है।

BSER

# SECONDARY EXAMINATION-2025

## MODEL PAPER

### URDU

### اُردو

**(Third Language)**

**Time : 3:15 Hours** **Max. Marks : 80**

BSER

طلبہ کے لیے ہدایات:۔

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالات کے ایک سے زائد حصے ہیں، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالات کے جوابات خوش خط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

حصّہ (الف) (SECTION-A)

1۔ مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھیے:-

(i) سبق ''بے تکلّفی'' کی شروعات کس مشہور شاعر کے مصرعے سے ہوتی ہے؟ 1

(A) ذوقؔ (B) غالبؔ

(C) دردؔ (D) میرؔ

(ii) اُردو زبان کہاں پیدا ہوئی؟ 1

(A) افغانستان میں (B) ہندوستان میں

(C) ایران میں (D) عراق میں

(iii) سبق ''خدا کے نام خط'' کا اہم کردار ہے: 1

(A) چیرویاکوف (B) بری ژالوف

(C) لین شو (D) فوآنتے

(iv) سماج میں باعزت زندگی گزارنے کے لیے بے حد ضروری ہے: 1

(A) دولت (B) جائداد

(C) تعلیم (D) عہدہ

(v) سبق ''آدمی کی کہانی'' کے مصنف ہیں: 1

(A) محمد مجیب (B) کنھیّا لال کپور

(C) رتن سنگھ (D) سیّد احتشام حسین

(vi) بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا؟ 1

(A) ڈیوڈ بریل (B) لوئی بریل

(C) رابرٹ بریل (D) جیمس بریل

BSEB

(vii) ہندوستان کی پہلی ملکہ کون تھی؟ 1

(A) رضیہ سلطان (B) ریحانہ سلطان

(C) بیگم حضرت محل (D) چاند بی بی

(viii) رتن سنگھ کب پیدا ہوئے؟ 1

(A) 1921ء میں (B) 1925ء میں

(C) 1927ء میں (D) 1929ء میں

(ix) حبیب تنویر کا اصل نام کیا ہے؟ 1

(A) حبیب احمد خاں (B) محمد حبیب اللہ

(C) عبدالماجد (D) عبدالحمید

(x) نظم ''حمد'' میں سورج کو کیا کہا گیا ہے؟ 1

(A) دیا (B) روشنی

(C) چشمہ (D) بادل

(xi) عدل پرستی کے کیا معنی ہیں؟ 1

(A) ظلم کرنا (B) محب کرنا

(C) وطن پرستی (D) انصاف پرستی

(xii) میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟ 1

(A) دہلی میں (B) آگرہ میں

(C) لکھنؤ میں (D) کشمیر میں

(xiii) ''موت کا ایک دن معیّن ہے'' میں 'معیّن' کے معنی ہیں: 1

(A) غیر طے شدہ (B) طے شدہ

(C) عارضی (D) غیر متعین

BSER

(xiv) اقبالؔ کی وفات کب ہوئی؟ 1

(A) 1932ء میں (B) 1936ء میں

(C) 1938ء میں (D) 1940ء میں

(xv) ساحرؔ لدھیانوی نے امنِ عالم کا خون کسے کہا ہے؟ 1

(A) جنگ کو (B) دوستی کو

(C) نفرت کو (D) محبت کو

(xvi) ''اجنبی سمندر'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟ 1

(A) نظیرؔ اکبرآبادی کا (B) اقبالؔ کا

(C) ساحرؔ لدھیانوی کا (D) بشرؔ نواز کا

(xvii) شکست کا متضاد ہے: 1

(A) فتح (B) ہار

(C) مات (D) ناکامیابی

(xviii) خط کی جمع ہے: 1

(A) خطا (B) خطوط

(C) خطاط (D) خطاب

2۔ مندرجہ ذیل خالی جگہ کو پُر کیجیے:-

(i) آج کل دنیا کی ہر معلومات.................... پر دستیاب ہے۔ 1

(ii) رضیہ سلطان دہلی کے بادشاہ..................... کی بیٹی تھی۔ 1

(iii) ''آگرہ بازار'' .................. کا ڈرامہ ہے۔ 1

(iv) پنکھڑی اک.................. کی سی ہے 1

(v) نیند کیوں.................... بھر نہیں آتی 1

BSER

(vi) جنگ مشرق میں ہو کہ...................میں 1

3۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:۔

(i) تکلف کے کیا معنی ہیں؟ 1

(ii) دراوڑ کون کون سی زبانیں بولتے تھے؟ 1

(iii) بھیم راؤ امبیڈکر کب پیدا ہوئے؟ 1

(iv) ای۔ٹکٹ کسے کہتے ہیں؟ 1

(v) رضیہ سلطان نے ''امیر آخور'' کا عہدہ کسے دیا تھا؟ 1

(vi) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟ 1

(vii) عوامی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟ 1

(viii) میرؔ کے مطابق انسانی زندگی کی حقیقت کیا ہے؟ 1

(ix) ''کوئی صورت نظر نہیں آتی'' سے کیا مراد ہے؟ 1

(x) گلہری ایسا کون سا کام کرسکتی ہے جو پہاڑ کے بس کا نہیں ہے؟ 1

(xi) لفظ ''پختہ'' کا متضاد لکھیے۔ 1

(xii) لفظ ''فرض'' کی جمع لکھیے۔ 1

## حصّہ۔ب (SECTION-B)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:

قومی ترقی کے لیے تعلیمِ نسواں اس وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ تعلیم ہی وہ ذریعہ ہے جس کو حاصل کرنے سے عورت کی تمام تر پریشانیاں دور ہوسکتی ہیں۔ عورت صدیوں سے پسماندگی اور جہالت کا شکار رہی ہے۔ اس کو تاریکی سے نکالنے کے لئے علم کی شمع جلانے کی ضرورت ہے۔ تعلیمِ نسواں کی اہمیت اس اعتبار سے اور بڑھ جاتی ہے کہ وہ ایک ماں کی حیثیت سے آنے والی نسل کو تعلیم یافتہ بناتی ہے۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ ایک مرد کو تعلیم دینا ایک شخص کو تعلیم دینا ہوتا ہے، لیکن ایک عورت کو تعلیم دینا ایک نسل کو

BSER

تعلیم دینے کے برابر ہے۔

4۔ قومی ترقی کے لیے اس وقت کی سب سے بڑی ضرورت کیا ہے؟ 2

5۔ کس کے ذریعہ عورتوں کی تمام تر پریشانیاں دور ہوسکتی ہے؟ 2

6۔ عورت صدیوں سے کس کا شکار رہی ہے؟ 2

7۔ ایک عورت کو تعلیم دینا کس کے برابر ہے؟ 2

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً لکھیے:

8۔ صفت کی تعریف لکھیے۔ 2

9۔ فعلِ ماضی کسے کہتے ہیں؟ 2

10۔ محاورہ ''بول بالا ہونا'' کے معنی لکھیے۔ 2

11۔ مندرجہ ذیل مذکر الفاظ کے مؤنث لکھیے: 2

(i) بھائی (ii) عالم

12۔ مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے: 2

(i) عزت (ii) اُمید

13۔ مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامت لکھیے: 2

(i) قوسین (ii) ختمہ

## حصّہ۔ج (SECTION-C)

14۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجیے: 3

آج کل کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دنیا پہلے آگ کا ایک گولا تھی، اُس آگ کا نہیں جو ہمارے گھروں میں جلتی ہے۔ یہ ایک اور ہی آگ تھی جو بِن جلائے جلی اور بِن بجھائے بُجھ گئی۔ شاید یہ وہ چیز تھی جسے ہم بجلی کہتے ہیں۔ لیکن کبھی نہ کبھی دنیا آگ کا گولا تھی ضرور، کیوں کہ ہمیں ایسے ہی لاکھوں، کروڑوں آگ کے گولے آسمان میں چکّر کھاتے دکھائی دیتے ہیں اور ہماری زمین پر اب بھی آتش فشاں پہاڑ جب چاہتے

BSER

ہیں دہکتی آگ اُگل دیتے ہیں یا زمین کے اندر سے کھولتے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں۔

یا

آج اس سے ٹھیلا کھنچ بھی نہیں پا رہا۔ ایک تو سیٹھ کے بچّے نے زیادہ بوجھ لاد دیا ہے، دوسرے اس کے ٹھیلے کا دُھرا جام ہو رہا ہے۔ تیسرے یہ کہ چڑھائی کا راستہ ہے اور چوتھے یہ کہ اس کا من ہی نہیں ہو رہا ہے ٹھیلہ کھینچنے کا۔ وہی کاٹھ کے گھوڑے والی بات ہو رہی ہے جو اپنے آپ سرک نہیں سکتا۔ جب کبھی اس کا من اداس ہوتا ہے تو اس کی کیفیت اس کاٹھ کے گھوڑے جیسی ہو جاتی ہے جسے وہ بچپن میں ایک میلے سے خرید کر بڑا دکھی ہوا تھا۔

15۔ سبق ''خدا کے نام خط'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

یا

سبق ''نئی روشنی'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

16۔ مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے: 3

(i) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں    حالت اب اضطراب کی سی ہے

(ii) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی    اب کسی بات پر نہیں آتی

یا

ہے دُنیا جس کا ناؤں میاں یہ اور طرح کی بستی ہے
جو مہنگوں کو تو مہنگی ہے اور سستوں کو یہ سستی ہے
یاں ہر دم جھگڑے اُٹھتے ہیں ہر آن عدالت بستی ہے
گر مست کرے تو مستی ہے اور پست کرے تو پستی ہے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ مِلے یاں سودا دست بدستی ہے

BSER

17۔ نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

یا

نظم ''اے شریف انسانو!'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

## حصّہ-د (SECTION-D)

18۔ اسمٰعیل میرٹھی کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔ 4

یا

بشرنواز کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

19۔ اپنے بڑے بھائی کو بارہویں جماعت میں اوّل آنے پر مبارک باد کا خط لکھیے۔ 4

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو فیس معافی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔

20۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھیے: 4

(i) یومِ جمہوریہ

(ii) ماحول کی آلودگی

(iii) کسی تاریخی عمارت کی سیر

---ختم شد---

BSER